CASA house
Centre Against Sexual Assault

Urdu

# مترجمین (انٹرپریٹرز)

CASA House آپ سے بات کرتے وقت ترجمانوں کا استعمال کر سکتا ہے۔ براہ کرم ہماری انٹیک لائن 3610 9635 (03) پر کال کریں اور اپنا نام، اپنی زبان اور اپنا فون نمبر بتائیں۔ ہم ایک ترجمان کے ساتھ آپ کو واپس کال کریں گے۔
آپ تحریری و زبانی ترجمے کی قومی سروس کو 450 131 پر بھی کال کر سکتے ہیں۔

# CASA ہاؤس

**CASA ہاؤس جنسی زیادتی کا شکار ہونے سے بچ جانے والوں کے لیے ماہرانہ مشاورتی معاونت اور وکالت فراہم کرتا ہے۔ ہم کسی بھی صنف، جنسیت یا پس منظر کے 16 سال سے زیادہ عمر کے لوگوں کے ساتھ کام کرتے ہیں۔**

- ہماری خدمات سب کے لیے مفت ہیں۔ آپ کو میڈی کیئر کارڈ یا ریفرل کی ضرورت نہیں ہے۔ آپ ذاتی طور پر، آن لائن یا فون کے ذریعے ہماری خدمات تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔
- ہم میلبورن میں رائل ویمنز ہسپتال کا حصہ ہیں۔ ہمارا مرکزی دفتر میلبورن CBD میں واقع ہے۔ ہم Broadmeadows ، Craigieburn، Sunbury اور Royal Women's Hospital میں بھی کام کرتے ہیں۔
- ہم ان لوگوں کی مدد کرتے ہیں جو میلبورن کے شمال مغربی مضافات میں رہتے ہیں، کام کرتے ہیں اور پڑھتے ہیں۔ ہمارے مرکزی کونسل کے علاقے Yarra ، Moonee Valley ، Hume ، Merri-bek ، اور سٹی آف میلبورن ہیں۔ اگر آپ ان علاقوں سے باہر رہتے ہیں، تو آپ اپنی مقامی سروس کو وکٹوریہ کی جنسی حملوں کی خدمات کی ویب سائٹ پر تلاش کر سکتے ہیں۔

# خدمات

## بحران میں مدد

**بحران میں مدد ان بچ جانے والے متاثرین کے لیے دستیاب ہے جنہیں پچھلے دو ہفتوں میں جنسی حملے کا تجربہ ہوا ہو۔ ہم اس سپورٹ کو کرائسز کیئر یونٹ یا CCU کہتے ہیں۔**

- یہ 7/24 سروس وکٹوریہ بھر میں، شہر ی اور ریجنل علاقوں میں جنسی حملوں کے سلسلے میں مہارت رکھنے والی تنظیموں کے ذریعے فراہم کی جاتی ہے۔ آپ ہر وقت بحرانی امداد تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں: دن کے 24 گھنٹے، سال کے ہر دن۔ یہ خدمت صنف، جنسیت، طبی حالت، قابلیت یا پس منظر سے قطع نظر تمام متاثرین کے لیے مفت ہے۔
- بحرانی مدد میں مشاورت اور وکالت شامل ہیں۔ اس میں طبی نگہداشت اور آپ کے قانونی حقوق اور اختیارات کے بارے میں معلومات تک رسائی کے لیے تعاون بھی شامل ہو سکتا ہے۔
- اگر آپ کو پچھلے دو ہفتوں میں کسی حملے کا سامنا ہوا ہے اور آپ سپورٹ تک رسائی حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم 1800 806 292 پر کال کریں اور اپنا نام، اپنی زبان اور اپنا فون نمبر بتائیں۔

## مشاورت اور وکالت میں معاونت۔

**ہم جاری و ساری، انفرادی مشاورت اور وکالت فراہم کرتے ہیں۔ بچ جانے والے متاثرین کسی کونسلر ایڈووکیٹ کے ساتھ 12 انفرادی مشاورتی سیشنز تک رسائی حاصل کر سکتے ہیں۔ یہ سروس کاروباری اوقات کے دوران دستیاب ہے۔**

- ہمارے کونسلر جنسی تشدد کے اثرات کو بہتر طور پر سمجھنے کے لیے آپ کے ساتھ کام کرنے کے لیے مشاورتی طریقوں کی ایک بڑی رینج استعمال کرتے ہیں۔ ہم آپ کے اہداف تک پہنچنے اور ہمدردانہ طریقے سے مدد فراہم کرنے کے لیے آپ کے ساتھ مل کر کام کریں گے۔
- ہماری خدمات نجی اور خفیہ ہیں۔ ہر مشاورتی ملاقات 1 گھنٹے تک جاری رہتی ہے۔ ہم ذاتی طور پر یا ویڈیو کال کے ذریعے، کاروباری اوقات کے دوران، پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک اپائنٹمنٹس کی پیشکش کرتے ہیں۔

- کچھ معاملات میں ہمارے کونسلرز بھی وکالت فراہم کر سکتے ہیں۔ اس کا مطلب یہ ہے کہ وہ دوسرے لوگوں یا تنظیموں بشمول پولیس کے ساتھ کام کرنے میں آپ کی مدد کرتے ہیں۔
- اگر آپ CASA ہاؤس کی مشاورت تک رسائی حاصل کرنا چاہتے ہیں، تو براہ کرم 3600 9635 03 پر کال کریں اور اپنا نام، اپنی زبان اور اپنا فون نمبر بتائیں۔
- جب آپ ہمیں پہلی بار کال کریں گے، تو ہم آپ سے کہیں گے کہ آپ ہمیں اس بارے میں کچھ معلومات دیں کہ آپ کیوں کال کر رہے ہیں۔ اگر آپ فون پر، جاری و ساری مشاورت یا دونوں کے ذریعے مختصر مشاورتی مدد چاہتے ہیں تو آپ ہمیں بتا سکتے ہیں۔
- اگر ہم اس بات سے اتفاق کرتے ہیں کہ جاری و ساری مشاورت آپ کی مدد کی ضروریات کو پورا کرے گی، تو ہم انٹیک اپوائنٹمنٹ طے کریں گے۔ ایسا کرنے کے لیے، ہم آپ سے آپ کا نام، پتہ اور دیگر آبادیاتی تفصیلات طلب کریں گے۔

## دوست اور خاندان

**جب آپ کے خیال میں کسی کو جنسی زیادتی یا بدسلوکی کا سامنا ہو تو یہ بات مشکل اور تکلیف دہ ہو سکتی ہے ۔ یہ جاننا بھی مشکل ہو سکتا ہے کہ کیا کرنا ہے یا کہنا ہے، یا بچ جانے والے متاثرہ شخص کی بہترین مدد کیسے کی جائے۔**

- CASA ہاؤس جنسی زیادتی سے بچ جانے والوں متاثرین کے دوستوں اور غیر مجرم خاندان کے ارکان کو مختصر مدد فراہم کرتا ہے۔
- ہم اس بات پر تبادلہ خیال کر سکتے ہیں کہ آپ کس طرح اس شخص کی بہترین مدد کر سکتے ہیں جسےجنسی زیادتی کا تجربہ ہوا ہو۔ آپ ان کی مدد کرنے اور ان کی کہانی سن کر اپنے اوپر پڑنے والے اثرات کے بارے میں بھی ہم سے بات کر سکتے ہیں۔
- ہم فون کے ذریعے مشاورتی مدد فراہم کر سکتے ہیں۔ ہم ذاتی طور پر یا ویڈیو کال کے ذریعے دو انفرادی مشاورتی ملاقاتیں بھی فراہم کر سکتے ہیں۔

# رابطہ کریں

## بحران میں مدد

بحران میں مدد کے بارے میں کسی کونسلر سے بات کرنے کے لیے 1800 806 292 پر کال کریں ۔ کاروباری اوقات کے دوران آپ کو آپ کے مقامی CASA میں بھیج دیا جائے گا۔ کاروباری اوقات کے بعد آپ کو جنسی حملے کی کرائسز لائن (SACL) پر بھیج دیا جائے گا۔

## CASA ہاؤس انٹیک اینڈ کونسلنگ لائن

فون پر مختصر طور پر کسی کونسلر سے بات کرنے کے لیے، یا جاری و ساری مشاورت تک رسائی کے بارے میں بات کرنے کے لیے، (03)96353610 پر کال کریں یا Intake.casa@thewomens.org.au پر ای میل کریں
یہ سروس کاروباری اوقات کے دوران دستیاب ہے (پیر تا جمعہ، صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک)۔

## CASA ہاؤس ایڈمنسٹریشن لائن

اپنی ملاقات کے بارے میں معلومات اور عمومی پوچھ گچھ کے لیے، براہ کرم ہماری ایڈمنسٹریشن لائن (03)96353600 پر رابطہ کریں یا یہاں پر ای میل کریں casa@thewomens.org.au

## مرکزی دفتر کا مقام

CASA ہاؤس کا مرکزی دفتر 210 Lonsdale Street، میلبورن پر Queen Victoria Women's Center (QVWC) میں واقع ہے۔
CASA ہاؤس لیول 3 پر ہے، جس تک لفٹ یا سیڑھیوں کے ذریعے پہنچا جا سکتا ہے۔ یہ عمارت کے پچھلے داخلی دروازے کے قریب واقع ہیں۔ ہماری عمارت میں معذوروں کو بھی رسائی حاصل ہے۔ آپ ہم سے اپنی رسائی کی ضروریات کے بارے میں بات کر سکتے ہیں۔